کیا آپ تحقیق میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 3590 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

کیا مجھے کوئی ذاتی اخراجات ادا کرنے ہوں گے؟

نہیں۔

اس بارے میں جتنا ہو سکے جانیئے اور سوالات کیجئے۔

یہ آپ کا فیصلہ ہے۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کیجئے۔

کلینیکل ریسرچ آفس

شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سنٹر

فون نمبر: +92 42 35905000 | Ext: 4280/4286

ای میل: crc3@skm.org.pk

ذرائع:

Clinicaltrials.gov Website
NIH Clinical Centre general information for research participants
Guidelines by Office of Human Research Protection

کیا آپ تحقیق میں شامل ہونا چاہتے ہیں؟

ہم اس فیصلے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں

تحقیق، ریسرچ کیا ہوتی ہے؟

☆ تحقیق ایک ایسا مطالعہ ہے جو کہ ایک سائنسی سوال کے جواب کے حصول کیلئے کیا جاتا ہے۔

☆ تحقیق کار اور ڈاکٹرز ریسرچ یہ پتہ چلانے کیلئے کرتے ہیں کہ آپ کی مدد کرنے کا بہترین طریقہ کار کیا ہے۔

☆ تحقیق علاج کے مترادف نہیں لیکن اکثر آپ کے جاری علاج کے ساتھ ساتھ کی جاتی ہے۔

تحقیق اہم کیوں ہے؟

تحقیق ایسی اہم دریافتوں کا باعث بنتی ہے جن سے ہماری زندگی بہتر ہو سکے مثلاً۔

1- کینسر، ذیابطیس (شوگر کی بیماری) یا اور بیماریوں کی علاج کیلئے نئی دوائیاں

2- کچھ بیماریوں کی روک تھام کی حفاظتی ٹیکے جیسا کہ پولیو کا حفاظتی ٹیکہ

آپ کو تحقیق میں کیوں شامل ہونا چاہیئے؟

آپ تحقیق کی طبی تحقیق میں شمولیت نئی مفید معلومات پیدا کرنے میں مددگار ثابت ہوگی تاکہ دوسرے لوگوں کی ان معلومات سے مدد کی جا سکے۔

آپ تحقیق میں شمولیت کیسے اختیار کر سکتے ہیں؟

آپ تحقیق میں شمولیت کے بارے میں اپنے معالج یا طبی تحقیق کے آفس کی ٹیم سے بات کر سکتے ہیں اس کے علاوہ طبی تحقیق کے آفس کے ممبران بھی آپ کو متعلقہ تحقیق میں شمولیت کے بارے میں بات چیت کرنے کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

کیا آپ کی شمولیت رضاکارانہ ہے؟

ہاں آپ کی شمولیت مکمل طور رضاکارانہ ہے۔

تحقیق میں شمولیت کے فائدے اور نقصانات کیا ہیں؟

آپ کو شائد تحقیق میں شمولیت سے کوئی براہِ راست فائدہ نہ ہو لیکن ممکنہ فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ آپکی صحت کی دیکھ بھال اور مضر اثرات کی قریبی نگرانی

☆ اپنی صحت کی دیکھ بھال میں آپ کا زیادہ سرگرم کردار

☆ اگر کوئی زیرِ تحقیق طریقہ کار مفید پایا جائے تو آپ ان اولین لوگوں میں سے ہوں گے جو اس موقع سے مستفید ہو سکیں اور تحقیق میں ایک قیمتی اعانت فراہم کریں۔

کسی بھی طرح کے خطرات یا مضر اثرات کو کم کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کی جاتی ہے اور زیادہ تر اوقات اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ کوئی جانی نقصان شامل نہ ہو لیکن ممکنہ خطرات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ تحقیقی ادویات یا طریقہ کار اگر تحقیق میں شامل ہوں تو ان کے نامعلوم مضر اثرات یا خطرات جن کے بارے میں معالج حضرات کو معلوم نہ ہو۔

☆ تحقیق میں عام علاج کی نسبت آپ کا زیادہ وقت یا توجہ درکار ہو سکتی ہے۔ اس میں ہسپتال کے زیادہ آنے یا ڈاکٹر کے ساتھ بار بار ملاقات اور گفتگو کرنے کی ضرورت اور طے شدہ علاج کے طریقے کار پر عمل کرنا شامل ہے۔

طبی تحقیق میں شامل ہونے والے افراد کی حفاظت کیلئے حفاظتی تدابیر کیا ہیں؟

ادارتی ریویو بورڈ کا جائزہ:

کسی بھی طبی تحقیق کی تنظیم کی طرح شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال میں ہونے والی تمام تحقیق ادارتی ریسرچ اخلاقیاتی بورڈ سے منظور شدہ ہونی چاہیے۔ ادارتی ریویو بورڈ ایک ہسپتال کی کمیٹی ہے جو کہ تحقیق میں شامل ہونے والی انسانوں کی بھلائی اور حقوق کی حفاظت کرتی ہے۔

ہمارے ادارتی ریویو بورڈ کے زیادہ تر ممبران بشمول کمیٹی کے صدر (چیئر پرسن) شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور سنٹر سے نہیں تاکہ اس کمیٹی کے فیصلوں کی آزادی کو یقینی بنایا جائے۔

اجازت نامہ:

ادارتی ریویو بورڈ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام افراد جو تحقیق میں شامل ہوں ان کو باخبر رضامندی حاصل کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ رضامندی حاسل کرنے سے پہلے انہیں مکمل معلومات دے دی گئی ہیں۔ ان معلومات میں مندرجہ ذیل بیان کرنا ضروری ہے:

☆ تحقیق میں شمولیت رضاکارانہ ہے

☆ تحقیق کے شرکاء شمولیت اختیار نہ کرنے کو اختیار کر سکتے ہیں یا کسی بھی وقت شمولیت سے دستبرداری کا فیصلہ بغیر کسی جرمانے کے کر سکتے ہیں۔

☆ تحقیق کا مقصد

☆ تحقیق میں کیا شامل ہے

☆ کوئی متبادل اختیار

شرکاء کو درپیش فائدے اورنقصانات، خطرات

تحقیق کے اخلاقیاتی ضابطے:

اس کے علاوہ کچھ قومی اور بین الاقوامی اخلاقیاتی ضابطے ہیں جن کے تحت تحقیق منظم کی جاتی ہے انسانی تحقیق کو ان ضابطوں کے مطابق رکھنے کے لیے شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سنٹر نے تحقیق کے جامع رہنما اصول مرتب کیے ہیں جن میں

(http://shaukatkhanum.org.pk/health-care-professionals-researchers/research/research-guidelines/)

شرکاء کی حفاظت کے لیے حفاظتی بندیشیں شامل ہیں۔

پوچھنے کے سوالات:

تحقیق میں شمولیت پر میرے ساتھ کیا ہوگا؟

یہ اکثر مختلف ہوگا اور اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس قسم کی تحقیق میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں۔ آپ سے شاہد صرف ایک بار انٹرویو کرنے کے لیے رابطہ کیا جائے جس میں 30 سے 45 منٹ لگ سکتے ہیں یا آپ کی شمولیت زیادہ وسیع پیمانے پر ہو جیسا کہ دوائیوں کا استعمال، تحقیق میں استعمال کیے جانے والے نئے طریقہ کار کا استعمال اور کچھ سالوں تک معائنہ درکار ہو سکتا ہے۔

کیا تحقیق سے مجھے کوئی ذاتی فائدہ ہو سکتا ہے؟

یہ ہو سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا۔

میرے پاس مزید کیا اختیارات ہیں؟

آپ شامل نہ ہونے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ہسپتال میں آپ کا علاج اس فیصلے سے متاثر نہیں ہوگا۔